نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو | **اطلاقی گرامر: مذکر مؤنث** | **جماعت: دوم**



پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ نر اسم کے لیے لفظ مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکا، خالو اور شیر

جب کہ مادہ اسم کے لیے لفظ مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکی، خالہ اور شیرنی وغیرہ



| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| والد | والدہ |
| نوکر | نوکرانی |
| استاد | استانی |
| راجا | رانی |
| تایا | تائی |

1۔ **درج ذیل جملے پڑھ کر خط کشیدہ اسم مذکر کی درست مؤنث اور اسم مؤنث کے درست مذکر منتخب کیجیے۔**



i. والد اخبار پڑھ رہے ہیں اور ________ کھانا پکا رہی ہیں۔ (خالہ ، والدہ)



ii. شیر شکار کر رہا تھا اور ________ جنگل کی طرف جا رہی تھی۔ (شیرنی ، مورنی)

iii. تائی جان نماز پڑھ رہی ہیں اور ________ جان تلاوت کر رہے ہیں۔ (چچا ، تایا)

iv. رانی لوگوں کی مدد کر رہی ہو گی اور ________ آرام کر رہا ہو گا۔ (راجا ، بادشاہ)



v. لڑکے کرکٹ کھیل رہے ہیں اور ________ گڑیا سے کھیل رہی ہیں۔ (بچیاں ، لڑکیاں)

vi. استانی صاحبہ پڑھا رہی ہیں اور ________ صاحب سمجھا رہے ہیں۔ (درزی ، استاد)

vii. نوکر بازار سے سامان لائے گا اور ________ کام کرے گی۔ (مالن ، نوکرانی)

viii. خالہ جان میرے لیے گڑیا جب کہ ________ جان گھڑی لائے تھے۔ (خالو ، ماموں)

LIVEWORKSHEETS